## General Science (urdu medium) - 5th Science Urdu Medium Chapter 1 Preparation

Q1. بیکٹریا کی خصوصیات.

**Ans 1:** 1- بیکٹریا یک خلوی جانور ہے 2- یہ روئے زمین پر ہر جگہ پائے جاتے ہیں. 3- کچھ بیکڑیا اپنی خوراک خود تیار کرسکتے ہیں. 4- زیادہ تر بیکٹریا جانوروں اور پودوں میں بیماریاں پیدا کرتے ہیں.

---

Q2. درجہ کی تعریف کریں.

**Ans 1:** مختلف زندہ چیزوں کو ان میں موجود مشابہتوں اور فرق کی بنیاد پر گروہوں میں تقسیم کرنا درجہ بندی کہلاتا ہے.

---

Q3. پرندوں کی اہم خصوصیات تحریر کریں.

**Ans 1:** 1- تمام پرندوں کے پر اور چونچ ہوتی ہیں. 2- ایک پرندے کی دو ٹانگیں اور دو پر ہوتے ہیں 3- پرندے اپنے پروں اور بازوؤں کی مدد سے اڑ سکتے ہیں. 4- پرندے انڈے دیتے ہیں جن پر خول ہوتے ہیں. 5- انڈو کو سیتے ہیں جن سے ننھے پرندے نکلتے ہیں.

---

Q4. فنجائی کی خصوصیات تحریر کریں.

**Ans 1:** 1- فنجائی یک خلوی کثیر خلوی یا ریشہ نما صورت میں پائے جاتے ہیں. 2- ان سب میں کلوروفل نہیں ہوتا اور وہ اپنی خوراک تیار نہیں کرسکتے 3- یہ اپنی خوراک اپنے ارد گرد کے ماھول سے جذب کرلیتے ہیں. 4- خمیر ، رائزوپس، اور کھمبیاں فنجائی کنگڈم میں شامل ہیں.

---

Q5. فقاریہ اور غیر فقاریہ جانوروں میں فرق لکھیں.

**Ans 1:** فقاریہ : 1 - فقاریہ جانور ریڑھ کی ہڈی والے جانور ہیں. 2- زمین پر فقاریہ جانور کی 47000 اقسام پائی جاتی ہیں. 3- فقاریہ جانوروں کی مزید پانچ گروہوں مٰں تقسیم کیا جاتاہے. جانور، پرندے، ایمفی بینز اور مچھلیاں.

**Ans 2:** غیر فقاریہ: 1- ایسے جانور جن میں ریڑھ کی ہڈی نہیں ہوتی غیر فقاریہ کہلاتے ہیں. 2- روئے زمین پر مختلف اقسام کے غیر فقاریہ جانور پائے جاتے ہیں. 3- کیڑے مکوڑے ، سنیلز، سٹارفش، ورمز غیر فقاریہ جانور ہیں.

---

Q6. جانداروں کی جماعت بندی کی تعریف.

**Ans 1:** جانداروں کو ان کی صفات یا خصوصیات میں مماثلت اور غیر مماثلت کی بنائ پر مختلف گروہوں میں تقسیم کرنے کے عمل کو جماعت بندی کہتے ہیں.

---

Q7. مچھلیوں کی خصوصیات.

**Ans 1:** 1- دنیا بھر میں مچھلیوں کی 2500 سے زائد اقسام ہیں. 2- وہ پانی میں رہتی ہیں. 3 - مچھلوں کے فنز اور دم ہوتی ہے جو انہیں تیرنے میں مدد دیتی ہے. 4- ان کی جلد پر حفاظت کے لیے سخت قسم کے چھلکے ہوتے ہیں. 5- پانی میں سانس لینے کےلیے گلپھڑے ہوتے ہیں.

---

Q8. پھول دار اور غیر پھول دار پودوں میں فرق.

**Ans 1:** پھول دار پودے: 1 - ایسے پودے جن پر پھول لگتے ہیں پھول دار کہلاتے ہیں. 2- پھول ان کے تولیدی اعضاء ہوتےہیں. 3- پھولوں کی پتیوں کو فلورل لیوز کہتے ہیں. 4- بیرونی سبز رنگ کے فلورل لیز کو سیپلز کہتے ہیں. 5- پھول دار پودوں میں بیج پھل کے اندر بنتے ہیں.

**Ans 2:** غیر پھول دار پودے: 1- ایسے پودے جن پر پھول نہیں لگتے غیر پھول دار پودے کہلاتے ہیں. 2- کونی فرز میں چیڑ، دیودار، سرو وغیرہ شامل ہیں. 3- کونی فرز کے پتے سلائی نما ہوتے ہیں. 4- کونی فرز کے بیج کونز میں بنتے ہیں. 5- فرنز کے پتے چھوٹی چھوٹی پتیوں میں منقسم ہوتے ہیں.

---

Q9. ایمی بینز کی خصوصیات.

**Ans 1:** 1- ان کی چار ٹانگیں ہوتی ہیں. 2- ایمفی بینز پانی اور خشکی دونوں میں رہ سکتے ہیں. 3- وہ پھیپھڑوں یا جلد کے زریعے سانس لیتے ہیں. 4- ان کی جلد ڈھیلی ڈھالی اور نم دار ہوتی ہے. 5 - ٹوڈ، مینڈک، اور سلے لیڈرز ریپٹائلز کی عام مثالیں ہیں.

---

Q10. پرندوں اور ممالیہ کے درمیان فرق.

**Ans 1:** پرندے : 1- پرندے خول والے انڈے دیتے ہیں. انڈوں سے ننھے پرندے نکلتے ہیں. 2- تمام پرندوں کی جلد پر پنکھ ہوتے ہیں.

**Ans 2:** ممالیہ: 1- ممالیہ اندے نہیں دیتے ممالیہ کے بچے عموما ماں کے پیٹ میں نشوونما پاتے ہیں. 2- سوائے چمگاڈر کے ممالیہ کی جلد پر پنکھ نہی ہوتے.

---